6030- بے نمازاور شراب فروخت کرنے والے کے پاس کھانا پینا

سوال

اگر میرا دوست اپنی سپر مارکیٹ میں شراب فروخت کرتا ہو، اور سپر مارکیٹ میں بکنے والی اشیاء میں اساسی چیز یہی ہے، اسی طرح وہ نماز بھی ادا نہیں کرتا، توکیا میں اس کے گھر میں کھا پی سکتی ہوں ؟

پسندیدہ جواب

کسی بھی مسلمان عورت کے لیے کسی اجنبی مرد سے دوستی لگانی جائز نہیں، اور جو شخص نماز ادا نہیں کرتا وہ تو مسلمان ہی نہیں، کیونکہ حدیث میں آیا ہے :

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

"آدمی اور کفر کے درمیان نماز کا ترک کرنا ہے"

اور اگر اس کی کمائی حرام ہے تو آپ اس کے پاس سے نہ کھائیں، اور پھر یہ شخص تو آپ کے لیے نماز ترک کرنے کی بنا پر کافر اور اجنبی ہے، اور اس کے مال کا مصدر حرام کمائی ہے، اس لیے اس کے ساتھ دوستی لگانے اور اس کا کھانا کھانے میں کیا فائدہ اور بہتری ہوگی.

چنانچہ آپ اللہ تعالی سے ڈرتے ہوئے فورا اس سے علیحدگی کرلیں، اللہ تعالی سے ہماری دعاء ہے کہ وہ آپ کو سلامتی اور عافیت سے نوازے.

واللہ اعلم.